ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(26)

مورخہ 13.01.24

بہاول پور(   )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات،گزشتہ دوروز کی مختلف کارروائیوں میں 03 ملزمان گرفتار۔گرفتار ملزمان سے بھاری مقدار میں منشیات برآمد، ملزمان پابند سلاسل۔جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائیگا،ڈی پی او سید محمد عباس

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔تھانہ کینٹ،تھانہ صدر بہاولپور اور تھانہ قائم پور پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف گھیرا تنگ کرتے ہوئے 03 ملزمان خادم حسین،توقیر اور ظہور احمد جوئیہ کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 03 کلو 900 گرام چرس برآمد کر لی۔گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا،سماج دشمن عناصر کے خلاف جاری آپریشن کو مزید تیز کیا جا رہا ہے،معاشرے کو ایسے ناسور عناصر سے پاک کرنا پولیس کی اولین ترجیح ہے۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاول پور:ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات،گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں متعدد ملزمان گرفتار، گرفتار ملزمان سے بھاری مقدار میں منشیات برآمد